سوال

(164) کوئی وصیت کرجائے کہ میری لاش کو لکڑی کے تابوت میں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کوئی وصیت کرجائے کہ میری لاش کو لکڑی کے تابوت میں بند کرکے قبر میں رکھنا، یہ وصیت کیسی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ وصیت خلاف سنت ہے لہٰذا واجب العمل نہیں ہے، میت کو زمین میں دفن کرنا اسلامی طریقہ ہے، خود آنحضرت ﷺ کو مٹی کے نیچے دفن کیا گیا تھا۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۵)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 281

محدث فتویٰ